## پڑھیے اور لکھیے

### صبا

میں اپنے امّی ابّو اور سب گھر والوں سے بہت محبّت کرتی
ہوں۔ اُن کا خیال رکھتی ہوں۔ اپنی سب چیزوں بستے،
کتابوں، کِھلونوں کو سنبھال کر رکھتی ہوں۔
طوطے اور بلّی کو وقت پر کھانا دیتی ہوں۔ مُنہ دھوتے وقت
نل کُھلا نہیں چھوڑتی تاکہ پانی ضائع نہ ہو۔ دادی جان کے
ساتھ پودوں کو پانی دیتی ہوں۔ چِڑیوں اور کبوتروں کے لیے
چھت پر دانہ اور روٹی کے ٹکڑے ڈال کے آتی ہوں۔
سَب کا خیال رکھنے سے میں بہت خوش ہوتی ہوں۔

مقصد: سیکھے گئے الفاظ کی مدد سے عبارت کی لکھائی۔
زُبانی ہدایت: اپنی کاپی میں نقل کیجیے۔ خُوب صُورت لکھنے پر خود کو ☆ دیجیے۔



LIVEWORKSHEETS